© rasailojaraid.com



## جامعہ کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیۃ کے سالانہ امتحانات مورخہ ٤ شعبان ١٤٢٤ھ بمطابق یکم اکتوبر ٢٠٠٣ء سے شروع ہوکر ١٢ شعبان ١٤٢٤ھ بمطابق ٩/اکتوبر ٢٠٠٣م کو اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ سالانہ تعطیلات ١٣ شعبان ١٤٢٤ھ بمطابق ١٠ اکتوبر ٢٠٠٣ء سے شروع ہوکر ١٠ شوال ١٤٢٤ ھ بمطابق ٥ دسمبر ٢٠٠٣ء تک ہوں گی اور نیا تعلیمی سال ١١ شوال ١٤٢٤ھ بمطابق ٦ دسمبر ٢٠٠٣ء کو شروع ہوگا۔ ان شاء اللہ

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات ٢٥ رجب ١٤٢٤ھ بمطابق ٢٣ ستمبر سے شروع ہوکر ٢٦ رجب ١٤٢٤ھ بمطابق ٢٤ ستمبر کو اختتام پذیر ہوں گے۔ یاد رہے کہ شعبہ حفظ کے سالانہ امتحان کے بعد صرف تین دن کی تعطیل ہوتی ہے اور رمضان المبارک میں ان کی تعلیم جاری رہتی ہے۔

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں مولانا محمد اکرم جمیل صاحب شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ کا خطبہ جمعۃ المبارک

مورخہ 8 اگست 2003ء کو جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے ''اسلام کی اہمیت'' کے موضوع پر خطبہ ارشاد فرمایا۔

## جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث موضع ٹھل (پنڈ دادنخان) میں جلسہ شان مصطفی ﷺ

مورخہ 30 اگست 2003ء بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل میں شان مصطفی ﷺ کے موضوع پر جلسہ منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد سلیمان معلم جامعہ علوم اثریہ جہلم کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ عبدالغفور اسدی معلم جامعہ علوم اثریہ نے سرانجام دیئے۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد مولانا عبدالمحسن العباد خطیب کالا گوجراں جہلم اور حافظ عبدالغفور اسد بن حافظ احمد حقیق نے نظم اور نعت پیش کی۔ نظم اور نعت کے بعد صاحبزادہ سعد مدنی نے مسلک اہل حدیث کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

موضوع پر مختصر تقریر کی بعد ازیں مولانا عبداللطیف شہزاد خطیب جامع مسجد اہل حدیث ٹھل نے شان مصطفیٰ ؐ کے موضوع پر مختصر خطاب کیا۔ مہمان خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی نے مسلک اہل حدیث کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ آخر میں حضرت مولانا فیض احمد بھٹی صاحب نے شان مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر مفصل خطاب کیا اور ان ہی کے دعائیہ کلمات سے یہ بابرکت پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

## جامع مسجد اہل حدیث محمدی چوک میں نماز پنجگانہ باجماعت اور بچوں کی تعلیم کا افتتاح

مورخہ 30 اگست 2003ء کو جامع مسجد اہل حدیث محمدی چوک میں مولانا فیض احمد بھٹی صاحب متعلم مدینہ یونیورسٹی نے عصر کی نماز پڑھائی اور مسجد کی اہمیت پر مختصر درس ارشاد فرمایا۔

## مولانا فیض احمد بھٹی صاحب کی مدینہ یونیورسٹی واپسی

مولانا فیض احمد بھٹی صاحب 8 ستمبر بروز سوموار پاکستان سے مدینہ یونیورسٹی سعودی عرب واپس چلے گئے۔ دوران تعطیلات انہوں نے مرکزی مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث اور علیا مسجد میں خطبات جمعہ المبارک ارشاد فرمائے۔ علاوہ ازیں چوک اہل حدیث، جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں، جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ، جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ، جامع مسجد اہل حدیث دینہ، جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گوجراں اور دیگر مساجد اہل حدیث میں دروس قرآن وحدیث کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔

## جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں میں سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 26 جولائی بروز ہفتہ بعداز نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں میں سیرت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی منعقد ہوئی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا فیض احمد بھٹی صاحب نے ادا کیے۔ قاری محب اللہ صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے کانفرنس کا آغاز کیا گیا۔ شاعر اسلام عبدالوہاب صدیقی صاحب نے بڑے ہی احسن انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ مختلف علمائے کرام کے خطابات کے بعد آخر میں شیخ القرآن مولانا محمد حسین شیخوپوری صاحب نے مفصل خطاب فرمایا اور انہی کے دعائیہ کلمات سے کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔


© rasailojaraid.com